Serial No.of Answar book ..................................

**MRD-E/XI (A)**

# معاشیات پارٹ-I

Roll No. ..................................

Fic. No. ...................

---

Fic. No. ...................

# معاشیات پارٹ-I

کل نمبر:20 — **سیکشن الف(معروضی)** — وقت: 20 منٹ

**نوٹ۔ اس حصے کے لیے یہی شیٹ استعمال کریں۔کاٹ کر یا دوبارہ لکھے ہوئے جوابات پر کوئی نمبر نہیں ملے گا۔**

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات (الف، ب، ج، د) دیئے گئے ہیں۔درست جواب کا انتخاب کر کے سامنے دیئے گئے خانے میں لکھیں۔

(i) پروفیسر مارشل کا تعلق ____ معیشت دانوں سے ہے۔(الف) کلاسیکل (ب) نیوکلاسیکل (ج) جدید (د) ان میں سے کوئی نہیں

(ii) جب کل افادہ میں کمی آ رہی ہو تو مختتم افادہ _____ ہوگا۔ (الف) منفی (ب) مثبت (ج) صفر (د) مستقل

(iii) رسد قیمت کا _______ تفاعل ہے۔ (الف) مضمر (ب) تقلیلی (ج) مستقل (د) تکثیری

(iv) قانون تکثیر حاصل ________ لاگو ہوتا ہے۔ (الف) زراعت میں (ب) صنعت میں (ج) معدنیات میں (د) پرورش حیوانات میں

(v) معینہ مصارف پیدائش کو ______ مصارف بھی کہتے ہیں۔ (الف) براہ راست (ب) بالواسطہ (ج) مقدم (د) متبادل

(vi) کسی چیز کی قیمت میں اضافے سے نعم البدل کی طلب میں _____ ہوتا/ہوتی ہے۔(الف) اضافہ (ب) کمی (ج) مستقل (د) ان میں سے کوئی نہیں

(vii) ان میں سے کونسا مسلسل متغیر ہے؟۔
(الف) قیمت (ب) کار کی رفتار (ج) طلب (د) آمدنی

(viii) معاشی قوانین کے مفروضا کو کیا کہتے ہیں؟ (الف) متغیر مقداریں (ب) پیرامیٹر (ج) مستقل مقداریں (د) ان میں سے کوئی نہیں

(ix) وہ شخص جو کسی چیز کو خرچ کر رہا ہو ______ کہلاتا ہے۔ (الف) صارف (ب) خریدار (ج) کاروباری (د) مزدور

(x) قیمتوں کا تعین طلب اور ______ کے باہمی اشتراک سے ہوتا ہے۔ (الف) افادہ (ب) آمدنی (ج) منڈی (د) رسد

(xi) سٹاک ایکسچینج میں ____ کی خرید و فروخت ہوتی ہے۔ (الف) حصص (ب) اشیاء صارفین (ج) عاملین پیدائش (د) ان میں سے کوئی نہیں

(xii) آبادی کے بارے میں معیاری (Optimum) نظریہ ________ نے پیش کیا۔
(الف) مالتھس (ب) کینن (ج) کینز (د) مارشل

(xiii) مکمل مقابلہ میں اوسط وصول ________________ ہوتا ہے۔
(الف) مختتم وصولی کے برابر (ب) مختتم وصولی سے زیادہ (ج) مختتم وصولی سے کم (د) ان میں سے کوئی نہیں

(xiv) زمین سے مراد _________ ہے۔ (الف) سمندر (ب) سطح زمین (ج) جنگلات (د) تمام قدرتی ذرائع

(xv) مزدور کو خریدا جا سکتا ہے لیکن _____ کو نہیں۔ (الف) سرمایہ (ب) زمین (ج) منیجر (د) ناظم

(xvi) مکمل مقابلہ کے تحت ایک فرم _______ ہوتا ہے۔ (الف) قیمت بنانے والا (ب) قیمت توڑنے والا (ج) قیمت لینے والا (د) قیمت ہٹانے والا

(xvii) مکمل مقابلہ کے تحت فرم توازن میں ہوتا ہے جب ____ (الف) MC>MR (ب) MC>Price (ج) MC=MR (د) MC گر رہا ہو

Result.PK

# معاشیات جماعت سال اوّل

وقت:2 گھنٹے 40 منٹ

## سیکشن ''ب'' (50)

**سوال نمبر2۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے دس (10) اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ ہر جز کے پانچ نمبر ہیں۔**

i۔ مارشل کی بیان کردہ تعریف معاشیات بیان کریں۔

ii۔ افادہ اور فائدہ مندی میں فرق واضح کیجیے۔

iii۔ آمدنیاتی لچک سے کیا مراد ہے؟

iv۔ قانون تقلیل حاصل بیان کیجیے۔

v۔ شیڈول کی مدد سے قانون رسد بیان کیجیے۔

vi۔ منڈی سے کیا مراد ہے؟

vii۔ معاشیات میں زمین سے کیا مراد ہے؟

viii۔ کاشت وسیع اور کاشت عمیق میں فرق واضح کیجیے۔

ix۔ تفاعل پیداوار سے کیا مراد ہے؟

x۔ معاشیات میں دولت سے کیا مراد ہے؟

xi۔ مکمل مقابلہ کے چار مفروضات بیان کیجیے۔

xii۔ اجارہ دارانہ مقابلہ کی تعریف کیجیے۔

xiii۔ تشکیل سرمایہ سے کیا مراد ہے؟

## سیکشن ''ج'' (30)

**نوٹ: کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔**

سوال نمبر3۔ قانون تقلیل افادہ مختتم کو شیڈول اور ڈایاگرام کی مدد سے بیان کریں۔

سوال نمبر4۔ قانون طلب کو ڈایاگرام کے ذریعے واضح کیجیے۔ نیز خط طلب کیوں بائیں سے دائیں اور اوپر سے نیچے گرتی ہے؟

سوال نمبر5۔ رابنز نے معاشیات کی جو تعریف کی ہے۔ اُسکی وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر6۔ ناظم کیا ہے نیز ناظم کے فرائض کیا ہیں؟

Result.pk

Result.PK